ہوائی جہاز میں افطار

کیافرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین کہ اگر کوئی شخص ہوائی جہاز میں سفر کررہا ہو تو وہ روزہ کس وقت کے حساب سے افطار کرے گا؟

الجواب بعون الملك الوهاب،اللهم هداية الحق و الصواب

روزہ افطار کرنے کا اصل وقت غروبِ آفتاب ہے چنانچہ قرآن پاک میں اللہ جل مجدہ فرماتا ہے

ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيامَ إِلَى اللَّيْلِ

ترجمہ: روزے کو مکمل کرو رات تک۔ (البقرہ 187)

اس کی تفسیر میں مفسرین نے لکھا

أَتِمُّوا الصِّيامَ من الفجر إلى اللَّيْلِ أي غروب الشمس

یعنی روزہ طلوعِ فجر سے لیکر سورج غروب ہونے تک مکمل کرو۔ (التفسير المنير ج 2 ص 148)

لہذا ہوائی جہاز میں سفر کرنے والے مسافر کے لیے روزہ افطار کرنے کا وقت ہوائی جہاز کی بلندی کے مطابق غروبِ آفتاب ہے۔ اور یہ وقتِ افطار (غروب آفتاب) بنسبت اس شہر کے وقتِ افطار سے تھوڑا سا تاخیر میں ہو گا، چنانچہ ردالمحتار میں ہے

وَمَنْ كَانَ عَلَى مَكَانٍ مُرْتَفِعٍ كَمَنَارَةِ إسْكَنْدَرِيَّةَ لَا يُفْطِرُ مَا لَمْ تَغْرُبْ الشَّمْسُ عِنْدَهُ

یعنی اگر کوئی روزہ دار کسی بلند مکان پر ہو جیسے کہ اسکندریہ کا منارہ تو وہ روزہ افطار نہیں کرے گا جب تک اس بلند جگہ کے اعتبار سے اس کے نزدیک سورج غروب نہ ہو جائے۔

(رد المحتار على الدر المختار، ج2 ص 420 مطبوعہ دار الفكر بيروت)

هـذاما سنح لی،واللہ اعلم بالصواب

المفتقــــر الی رحمة الله التـوّاب

الجواب صحيح

ابو اطہر مفتی محمد اظہر المدنی

ابوحنظلہ خالد تسنیم المدنی

(غـــفـــــرالله الغني ذنبه الخفي و الجلي)

18/05/2018

Iftar on aeroplane

What do the scholars of the Din and Muftis of the Sacred Law state regarding Whilst on an aeroplane, how should one do iftar?

الجواب بعون الملك الوهاب،اللهم هدايةالحق و الصواب

The foundation of iftar is based on sunset. As Allaah says in the Qur-aan,

ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيامَ إِلَى اللَّيْلِ

"Complete the fast until the night."

(البقرة 187)

Commenting on this verse, it is mentioned,

أَتِمُّوا الصِّيامَ من الفجر إلى اللَّيْلِ أي غروب الشمس

"Complete the fast from Fajr until the night, i.e. Sunset."

(التفسير المنير ج 2 ص 148)

So for a passenger travelling on an aeroplane, the time to open the fast will be the time of sunset according to the aeroplane time.
It's possible that this iftar time is some time after the time of the city.About this, it is said,

وَمَنْ كَانَ عَلَى مَكَانٍ مُرْتَفِعٍ كَمَنَارَةِ إسْكَنْدَرِيَّةَ لَا يُفْطِرُ مَا لَمْ تَغْرُبْ الشَّمْسُ عِنْدَهُ

"The one in a high place, like the minaret of Alexandria, doesn't do iftar until the sun sets according to him."

(رد المحتار على الدر المختار، ج2 ص 420 مطبوعہ دار الفکر بیروت)

هـذاما سنح لى،والله اعلم بالصواب

المفتقــــــر الى رحمة الله التــوّاب

Answered by: ***Abu Hanzalah Khalid Tasneem Al-Madani*** (غــفـــــرالله الغني ذنبه الخفي و الجلي)
Verified by: ***Mufti Abu Athar Muhammad Azhar Al-Madani***
Translated by: ***Usman Ghani Mughal***

18/05/2018